## ثلاثی مزید فیہ باب تَفاعُلٌ فارم(6)

Sulaasi Mazeed Fihi Baab Tafaa'ulun Form 6

ثلاثی مزید فیہ فارم6باب تَفاعُلٌ میں تاء (ت) اورألف(ا ) حروف کا اضافہ کیا جاتا ہے۔فارم6باب تَفاعُلٌ کے بھی زیادہ تر افعال لازم ہوتے ہیں۔

There is addition of two letters, ta and alif, in the verbs of Sulaasi Mazeed Fihi Form 6 Baab Tafaa'ul. Most of the verbs of Form 6 Baab Tafaa'ul are intransitive.

## باب تَفاعُلٌ فارم(6) ماضی معلوم

Baab Tafaa'ulun Form 6 Madi Ma'loom)

ماضی واحد مذکر غائب کے صیغے میں میں فاء کلمۃ سے پہلے تاء (ت) حرف کا اضافہ ہوتا ہے۔اور عین(ع) کلمۃ سے پہلے ألف (ا)کا اضافہ ہوتا ہے۔اور سب کلمات پر فتح ہوتا ہے۔

In the third person singular masculine segment there is an addition of ta before Fa Kalimah (first radical) and of Alif before the Ain Kalimah (second radical). All radicals have Fatha.

| باب تَفاعُلٌ فارم 6 ماضی معلوم |
|---|
| تَفاعَلَ |
| (تَ فَ ا عَ لَ) |
| (تَ وَ ا عَ دَ) |
| تَواعَدَ |
| آپس میں وعدہ کرنا |
| to promise mutually. |


© copy rights reserved
انجم گیلانی

Lughatul Quran

## باب تَفاعُلُ فارم6 فعل مضارع معلوم

Baab Tafaa'ulu Form V Mudare' Ma'loom (Active Past)

مضارع میں ماضی کے صیغے سے پہلے علامت مضارع اور لام کلمہ مضموم (لُ) ہوتا ہے اور مضارع میں بھی سوائے لام کلمہ کے سب کلمات پر فتح ہوتا ہے۔

In Mudare there is sign of Mudare before the Mazi segment, Laam Kalimah(third radical) has a Damma and the other radicals have Fatha.

| باب يَتَفاعَلُ فارم6 مضارع معلوم |
|---|
| يَتَفاعَلُ<br>(يَ تَ فَ ا عَ لُ)<br>(يَ تَ سَ ا ءَ لُ)<br>يَتَساءَلُ<br>ایک دوسرے سے پوچھنا۔<br>to ask one another. |

یادرہے اس باب میں مضارع کی علامت پر فتح آئے گا۔ کیونکہ اس باب میں دو زائد (2) حروف کا اضافہ ہے۔ اور باب تَفاعُلُ فارم6 کے تمام صیغوں میں مضارع کی علامت وزن کی تاء (ت) سے پہلے آئے گی۔

Remember sign of Mudare' has a Fatha in this Baab as there is an addition of two letters to it. In all the segments the sign of Mudare' occurs before'Ta' of the Baab.


© copy rights reserved

## باب تَفَاعُلٌ فارم6 فعل امر حاضر

Baab Tafaa'ulun Form 6 Amar (Commands)

فارم6باب تَفاعُل میں علامت مضارع حذف کرنے کے بعد پہلا حرف متحرک ہوتا ہے اس لیے فارم6باب تَفاعُل کے فعل امر کے شروع میں ہمزۃالوصل کا اضافہ نہیں کیا جاتا۔

In Form 6 Baab Tafaa'ul, after dropping the sign of Mudare , the next letter is Mutahrik (vowelled). So in this form there is no need to add Hamzatul Wasl in the beginning of Fail Amar.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (ع و ن) | تَتَعَاوَنُ | تعاوَنْ | تَعاوَنْ | تعاون کرو cooperate! |

## باب تَفَاعُلٌ فارم 6 ماض مجهول

Baab Tafaa'ulun Form 6 Madi Majhool (Passive Past)

باب تَفاعُلٌ فارم 6 ماض مجهول بنانے کے لیے کے بنیادی وزن "فُعِلَ" کے مطابق تُفوعِل فارم6 ماض مجهول وزن کی "تاء" زائدہ اور "فاء کلمة" دونوں پر "ضمّة" آئے گا۔اور "عین" کلمہ پر کسرۃ آئے گا۔

To form Madi Majhool of Baab Tafaa'ulun Form 6 on the basic scale of Mujarrad 'Fuila' the Ta Zaedah and Fa Kalimah are both given Dammah and Ain Kalimah is given a Kasrah.

| باب تَفَاعُلٌ فارم 6 ماضی مجهول |
|---|
| تُفُوْعِلَ |
| (تُ فُ وْ عِ لَ) |
| (تُ قُ وْ بِ لَ) |
| تُقُوْبِلَ |
| وہ مقابلہ کیا گیا |
| He was competed |


© copy rights reserved

## باب َتفاعُلٌ فارم 6 مضارع مجهول

Baab Tafaa'ulun Form 6 Mudare Majhool (Passive Past)

باب َتفاعُلٌ فارم 6 مضارع مجهول بنانے کے لیے کے بنیادی وزن "تفْعَلُ" کے مطابق "یَتفاعَلُ" فارم6 میں مضارع کی علامت کو "ضمّة" آئے گا۔اور "عین" کلمہ پرفتح آئے گا۔

Mudare' Majhool of Baab Tafaa'ulu Form 6 is formed by giving Damma to the sign of Mudare' of the Mudare Maloom segment.

| باب َتفاعُلٌ فارم6 مضارع معلوم |
| --- |
| ُیتَفاعَلُ |
| (يُ تَ فَ ا عَ لُ) |
| (يُ تَ قَ ا بَ لُ) |
| ُیتَقابَلُ |
| وہ مقابلہ کیا جاتا ہے/جائے گا |
| He is / will be competed |


© copy rights reserved
انجم گیلانی

## باب تَفاعُلٌ فارم 6 اسم فاعل، اسم مفعول، اسم مکان و زمان

Baab Tafaa'ulu Form 6 Ism Faa'il, Ism Mafa'ool, Ism Makaan, Ism Zamaan

باب تَفاعُلٌ فارم 6سے بھی اسم فاعل، اسم مفعول، اسم مکان و زمان بنانے کا طریقہ ثلاثی مزید فیہ ابواب کے قواعد کے مطابق ہی ہے۔

The method of formation of Ism Faa'il, Ism Mafa'ool, Ism Makaan, Ism Zamaan in form 6 is the same.

.

یعنی اسم فاعل بنانے کے لیے فعل مضارع معلوم کی علامت مضارع کو ہٹا کر میم (مُ) مضموم لگادیں اور آخری (لام کلمہ) پر تنوین لگادیں۔

It means to make Ism Faa'il the sign of Mudare of Mudare Maloom is replaced by Meem Madmoom and the last letter (Laam Kalimah) is given a Tanween.

اور اسم مفعول، اسم مکان وزمان بنانے کے لیے فعل مضارع مجھول کی علامت مضارع کو ہٹا کر میم (مُ) مضموم لگادیں اور آخری (لام کلمہ) پر تنوین لگادیں۔

To form Ism Mafa'ool, Ism Makaan, Ism Zamaan, the sign of Mudare of Mudare Majhool is replaced by Meem Madmoom and the last letter (Laam Kalimah) is given a Tanween.

| باب تَفاعُلٌ فارم 6 اسم فاعل |
| --- |
| مُتَفاعِلٌ |
| (مُ تَ فَ ا عِ لٌ) |
| ( مُ تَ قَ ا بِ لٌ ) |
| مُتَقابِلٌ |
| مقابلہ کرنے والا |
| Competitor |

| باب تَفاعُلٌ فارم 6 اسم مفعول |
| --- |
| مُتَفاعَلٌ |
| (مُ تَ فَ ا عَ لٌ) |
| (مُ تَ قَ ا بَ لٌ) |
| مُتَقابَلٌ |
| وہ جس سے مقابلہ کیا جائے |
| Being competed |


© copy rights reserved

## باب َتَفاعُلٌ فارم (6) مصدر

Baab Tafaa'ulun Form 6 Masdar

تکاثر یتکاثر ، تکاثُرًا ، فھو ُمتکاثِر

to band together. باہم کثرت ظاہر کرنا

تناصَر یتناصر ، تناصُرًا ، فھو ُمتناصِر

to help one another. ایک دوسرے کی مدد کرنا

تفاخَر / تفاخَر بہ یتفاخر ، تفاخُرًا ، فھو ُمتفاخِر ، والمفعول ُمتفاخَر بہ

to band together. ایک دوسرے پر فخر کرنا

تنازَع / تنازَع علی / تنازَع فِي یتنازع ، تنازُعًا ، فھو ُمتنازِع ، والمفعول ُمتنازَع

to fight together. باہم جھگڑنا

تبارَك / تبارَك بہ یتبارك ، تبارُکا ، فھو ُمتبارِك ، والمفعول ُمتبارَك بہ

To be blessed. برکت ہونا


© copy rights reserved

# باب تَفَعُّل فارم (5) خصوصیات

The Characteristics of Form 5

## تَشارُکٌ: (Mutual Participation)

کسی کام کے ہونے میں دو افراد یا دو چیزوں کا شریک ہونا" تَشارُک " کہلاتا ہے اس شرط کے ساتھ کے دونوں فاعل ہوں۔

جبکہ مشارکت میں ایک فاعل ہوتا ہے اور دوسرا مفعول ہوتا ہے۔

When two persons or things are involved in a work being done, it is Tasharuk (mutual participation) with the condition that both are Faail (doer). In Musharikat one is Faail and the other is Mafool (object).

﴿وَإِن تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى﴾ (الطلاق:6)

اور اگر تم باہم دشواری محسوس۔

but if you are in discord, then there may breastfeed for the father another woman.

(اس مثال میں ماں باپ دونوں دشواری میں شریک ہیں اس لیے دونوں فاعل ہیں)

This form has a sense of intensity and exaggeration.

مشارکت کا اظہار باب مفاعلۃ سے کیا جاتا ہے اور تشارکت کا اظہار باب تَفاعُل سے کیا جاتا ہے۔

Musharikat is expressed in Baab Mufaa'latun while Tasharuk is the characteristic of Baab Tafaa'ul.

## تَخییل: (Association)

اداکاری کرنا یعنی خود میں ایسی صفت ظاہر کرنا جو موجود نہ ہو تَخییل کہلاتا ہے

تَخییل اور تَکَلُّف میں فرق ہے۔ تکلف میں بناوٹ یا تصنع ہوتا ہے وہ پسندیدہ ہوتا ہے جبکہ تَخییل دھوکا دہی اور ریاکاری ہوتی ہے۔اس کے علاوہ تَکَلُّف میں فعل کے حصول کے لیے حقیقتاً کوشش کی جاتی ہے جبکہ تَخییل میں صرف اظہار ہوتا ہے۔

Takhyeel is to pose for having a quality one does not really possess. Takhyeel is different from Takalluf. The artificiality in Takalluf seems desirable one but Takhyeel has deception and show off.

| تَکَلُّف | تَخییل |
|---|---|
| تَمَارَضَ سَلمانُ (سلمان نے خود کو بیمار ظاہر کیا) | تَجَاهَلْتُم (تم سب جان بوجھ کر لاعلم بنے۔) |


© copy rights reserved
انجم گیلانی

## مُبالغة: Mubalagha (Exaggerartion)

اس باب میں زیادہ تر مبالغہ کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ This Baab has the characteristic of exaggeration.

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَالٰی | (وہ بلند ہوا) He rose. | تَعالٰی | (وہ بہت بلند ہوا) He rose high. |
| بَارَکَ | (اس نے برکت دی) He became much blessed. | تَبارَکَ | (وہ بہت بابرکت ہوا) He gave barakah. |

## اِبتَداء: ( Ibtida)

ثلاثی مجرد فعل کے مادہ کو جب ثلاثی مزید فیہ کے وزن پر آنے سے افعال کا معنی مختلف ہو جاتا ہے، یہ ابتداء کہلاتا ہے۔
When Sulaasi Mujarrad root takes the Mazeed Fihi Form, there is a change in the meaning. This is called Ibtida.

| | | | |
|---|---|---|---|
| بَرَکَ | (اونٹ بیٹھ گیا) The camel sat down. | تَبارَکَ | (وہ بابرکت ہوا) He became blessed. |
| نَزَعَ | (مرنے کے قریب ہوا) He approached death. | تَنَازَعَ | (ایک دوسرے سے جھگڑا کیا۔) Fought together. |


© copy rights reserved